(ذیلی راوی نے مزید کہا:) حکیم بن حزام عبداللہ بن زبیر سے ملاقات کی اور پوچھا، "اے میرے بھتیجے! میرے بھائی کے قرض کتنا ہوتا ہے؟

عبداللہ نے کسی مصلحت سے اظہار مناسب نہ سمجھا بات چھپائی اور کہا ایک لاکھ

حکیم نے کہا نہیں لگتا کہ تم اسے ادا کر سکتے ہو، خیر اگر تم ادا نہ کر سکو تو مجھ سے مدد لے لینا۔

عبداللہ کہتے ہیں زبیر نے پہلے ہی غلبہ کی زمین ایک لاکھ ستر ہزار میں خرید لی تھی. وہ انہوں نے سولہ (۱۶) لاکھ میں بیچی اور کھڑے ہو کر کہا جن جن لوگوں کا قرض زبیر پر ہے وہ ہمیں غلبہ میں آکر ملیں

عبداللہ بن جعفر وہاں آئے انکے چار لاکھ زبیر پر واجب الادا تھے انہوں نے کہا وہ اپنا قرضہ معاف کرتے ہیں

عبداللہ بن زبیر نے کہا نہیں

پھر عبداللہ بن جعفر نے کہا اگر آپ کو قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا چاہئے تو ادائیگی ملتوی کر سکتے ہیں.

ابن زبیر نے کہا میں یہ بھی نہیں چاہتا

عبداللہ بن جعفر کہا اچھا میرے قرض کے عوض مجھے غلبہ کی زمین کا کچھ حصہ دے دو

ابن زبیر نے کہا اچھا اتنی زمین یہاں سے وہاں تک لے لو'

خیر عبداللہ نے ضلبہ کی زمین وہاں کے سب گھر بیچے اور پورا قرض ادا کرا دیا' ساڑھے چار حصے غلبہ کی زمین سے بچ رہے' اس وقت عبداللہ بن زبیر معاویہ کے پاس گئے' ان کے پاس عمرو بن عثمان منذر بن زبیر' عبداللہ بن زمعہ بیٹھے تھے۔ معاویہ نے پوچھا غلبہ کی قیمت آئی

عبداللہ نے کہا' ہر حصے کی ایک لاکھ۔

انہوں نے پوچھا اب کتنے حصے باقی ہیں؟

عبداللہ نے کہا ساڑھے چار حصے'

منذر بن زبیر نے کہا' ایک حصہ ایک لاکھ میں لیتا ہوں۔ عمر بن عثمان نے کہا' ایک حصہ میں لیتا ہوں۔ عبداللہ بن زمعہ نے کہا' ایک میں لیتا ہوں لاکھ کو معاویہ نے کہا۔ باقی ڈیڑھ حصہ ڈیڑھ لاکھ کو میں نے لیا۔ عبداللہ بن جعفر نے جو حصہ لیا تھا وہ معاویہ کے ہاتھ چھ لاکھ کو بیچا۔

غرض جب عبااللہ بن زبیر کا سارا قرض ادا کر چکے' تو زبیر کے بیٹے ان سے کہنے لگے' ہمارا ترکہ تقسیم کرو۔

عبداللہ نے کہا' اللہ کی قسم ابھی تو میں تقسیم نہیں کرنے کا جب تک حج کے چار موسم گزر نہ جائیں اور ہر موسم میں منادی نہ کرا لوں کہ زبیر پر جس کا قرضہ ہو وہ ہمارے پاس آئے اب دیتے ہیں' اور ہر سال عبداللہ ایسے ہی منادی کرتے رہے' جب چار برس گزر گئے تب عبداللہ نے ترکہ تقسیم کر دیا باوجود یہ کہ تیسرا حصہ وصیت کا نکالا گیا' جب بھی ہر بی بی کو بارہ بارہ لاکھ ہاتھ آئے اور کل جایئداد زبیر کی پانچ کروڑ دولاکھ ہوئی۔

اگر امام کسی شخص کو سفارت پر بھیجے یا کسی خاص جگہ ٹھہرنے کا حکم دے تو کیا اس کا بھی حصہ (غنیمت میں) ہو گا؟

